بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ



Share

آرمی چیف: شوال آپریشن مکمل، دہشتگردوں کیخلاف فاٹا سے باہر بڑا آپریشن کیا جائے

پوری قوم فوج کیساتھ کھڑی ہے، آپریشن کی کامیابیوں کو مستحکم بنایا جائے، جنرل راحیل کا شوال کا دورہ، فوجیوں کے حوصلے کو سراہا

آخری مرحلے میں 800 مربع کلومیٹر سے زیادہ کا علاقہ کلیئر کرا کر دہشتگردوں کو بھاری نقصان پہنچایا گیا، آرمی چیف کو بریفنگ

راولپنڈی (وقائع نگار) آرمی چیف جنرل راحیل شریف نے شوال آپریشن کی کامیابیوں کو سراہتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ فاٹا سے باہر دہشتگردوں کے علاوہ انکے سہولت کاروں اور ٹھکانوں کے خاتمے کیلئے بڑے پیمانے پر آپریشن کیا جائے، آئی ایس پی آر کے مطابق جنرل راحیل شریف نے پیر کو شمالی وزیرستان کی تحصیل شوال کا دورہ کیا اور دہشتگردوں کیخلاف آپریشن کے آخری مرحلے پر پیشرفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے دہشتگردوں کو پاک افغان سرحد کے قریب انکی آخری پناہ گاہوں سے نکالنے میں مصروف فوجیوں کے ساتھ پورا دن گزارا۔ آرمی چیف کو فارمیشن کمانڈر کی جانب سے اب تک حاصل ہونیوالی آپریشنل کامیابیوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ پاک فوج کے سربراہ کو بتایا گیا کہ فروری 2016ء میں آپریشن کے آخری مرحلے کے آغاز سے اب تک 800 مربع کلومیٹر سے زیادہ کا علاقہ کلیئر کرا لیا گیا ہے جبکہ دہشتگردوں کو بھاری جانی نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ آرمی چیف نے شوال آپریشن کی کامیابی سے مکمل ہونے، اپنے اہداف کے حصول کیلئے فوجیوں کی غیر معمولی کامیابیوں، حوصلے، عزم اور قربانیوں کو سراہا۔ انہوں نے زور دیا کہ آپریشن کے دوران حاصل کی جانیوالی کامیابیوں کو مستحکم بنایا جائے اور اپنی بہترین صلاحیتیں بروئے کار لا کر عارضی بے گھر افراد کو واپس انکے علاقوں میں آباد کیا جائے۔ جنرل راحیل نے ہدایت کی کہ فاٹا سے باہر بڑے پیمانے پر کومبنگ آپریشن شروع کر کے دہشتگردوں اور سہولت کاروں کا گٹھ جوڑ ختم کیا جائے۔ افسروں اور جوانوں سے وادی شمال میں خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف نے کہا کہ پوری قوم پاک فوج کیساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑی ہے اور دہشتگردی کیخلاف جنگ میں دی جانیوالی قربانیوں کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

ShareThis

ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھئے

آج کا اخبار پڑھئے